Department of
**Education**

GOVERNMENT OF
WESTERN AUSTRALIA

**Shaping the future**

# ہیلو کنڈرگارٹن



# اعتراف

## ہم اس سرزمین کے روایتی متولیوں کو تسلیم اور ان کا احترام کرتے ہیں جس پر ہمارے مغربی آسٹریلیا بھر کے طلبہ رہتے اور تعلیم حاصل کرتے ہیں۔

ہم تسلیم اور ادراک کرتے ہیں کہ بزرگ افراد، والدین، خاندان اور کمیونٹیز اپنے بچوں کے پہلے استاد ہوتے ہیں، اور ہم ان ثقافتوں اور خوبیوں کو تسلیم کرتے ہیں اور ان کی قدر کرتے ہیں جو مقامی بچے کلاس روم میں ساتھ لاتے ہیں۔ مقامی افراد ملک، کمیونٹی، زبان اور ثقافت سے اپنے روابط کے اشتراک اور اپنی زبانی تاریخوں، داستانوں اور نسل در نسل منتقل ہونے والے اصل واقعات کے ذریعے درس و تدریس کی طویل روایت قائم رکھے ہوئے ہیں۔

ہم مقامی بچوں کی جانب سے ان کے گھروں اور کمیونٹیز سے کلاس میں لائی جانے والی تعلیم کو تسلیم کرتے ہیں اور اس کی قدر کرتے ہیں۔

یہاں لفظ ایبوریجنل سے مراد ایبوریجنل، ایبوریجنل اور ٹارس اسٹریٹ آئلینڈر اور
قدیم سے رہائش پذیر مقامی افراد ہیں۔ افراد کا حوالہ دیتے ہوئے ایبوریجنل شخص کی اصطلاح استعمال کریں۔

AISWA
Association of Independent Schools of Western Australia

CATHOLIC EDUCATION
WESTERN AUSTRALIA

محکمۂ تعلیم
Royal Street 151
East Perth WA 6004
4111 9264
**education.wa.edu.au**

TRIM: D22/0714308
ISBN: 9780730746713

© محکمۂ تعلیم
مغربی آسٹریلیا 2022

یہ مواد درخواست پر مناسب متبادل اشکال میں دستیاب ہوگا۔

CC BY

# اس میں کیا ہے

کنڈرگارٹن کا آغاز آپ اور آپ کے بچے کے لئے ایک پرجوش اور اہم تبدیلی ہوتی ہے۔ اس کتابچے کو آپ کو آپ کے بچے کی ابتدائی تعلیم کے سفر کو مثبت اور خوشگوار بنانے میں مدد دینے کے مقصد سے تیار کیا گیا ہے۔

آپ کو عملی تراکیب ملیں گی جو آپ اور آپ کی فیملی کو کنڈرگارٹن کے لئے تیار کریں گی، اور اس سے متعلق معلومات موجود ہوں گی کہ آپ کا بچہ کیا سیکھے گا اور آپ تعلیم کے سفر میں کیسے ان کی مدد کر سکتے ہیں۔

# میرا بچہ کب آغاز کر سکتا ہے؟

مغربی آسٹریلیا میں تمام بچے فی ہفتہ 15 گھنٹے (دو ہفتوں میں 30 گھنٹے)کنڈرگارٹن تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں، خواہ وہ اسٹیٹ میں کہیں بھی رہائش پذیر ہوں۔ کنڈرگارٹن میں شرکت بچوں کو فل ٹائم اسکول کے پہلے سال، یعنی پری پرائمری کے لئے تیار کرتی ہے۔

ضروری ہے کہ کنڈرگارٹن شروع کرنے کے سال میں 30 جون تک بچہ 4 سال کا ہو چکا ہو -- اس کا مطلب یہ ہے کہ کچھ بچے 3 سال کی عمر میں کنڈرگارٹن شروع کریں گے اور کنڈرگارٹن میں ہی 4 سال کے ہو جائیں گے۔

**آپ کے بچے کی پیدائش کا مہینہ**

**جنوری تا جون**
3 سالہ، 4 سال کا ہونے والا ہے: کنڈرگارٹن کا آغاز

**جولائی تا دسمبر**
4 سالہ، 5 سال کا ہونے والا ہے: کنڈرگارٹن کا آغاز

**اسکول کی عمر کا کیلکولیٹر**
education.wa.edu.au/enrolling-in-school



CC BY

# آغاز سے قبل

**اپنے بچے کے پہلے استاد کے طور پر آپ کا کردار نہایت اہم ہے۔ بچے اسکول شروع کرنے سے پہلے کئی اہم چیزیں سیکھتے ہیں۔**

کنڈرگارٹن شروع کرتے ہوئے آپ کا بچہ اپنی اہلیت یا نشونما کے مرحلے سے بالاتر ہو کر اپنی تمام موجودہ تعلیم اور منفرد تجربات ساتھ لاتا ہے -- کنڈرگارٹن میں وہ اس تعلیم میں اضافہ کرتے ہوئے اپنے تعلیمی سفر کی بنیاد رکھتا ہے۔

کچھ والدین اور خاندانوں کے لئے کنڈرگارٹن کے آغاز کا تصور کچھ مشکل ہو سکتا ہے۔ آپ کا ننھا منا اب بڑا ہو رہا ہے! کنڈرگارٹن وہ وقت ہے جب آپ کا بچہ دوسرے بچوں کے ساتھ بہت مزے کرے گا اور ایسی کئی نئی چیزیں سیکھے گا جو اسے پراعتماد اور پرجوش طالب علم بننے میں مدد دیں گی۔


آپ کا جوش اور حوصلہ آپ کے بچے کو نئے ماحول میں ڈھلنے میں مدد دے گا۔ اپنے بچے سے اس بارے میں بات کریں کہ وہ کنڈرگارٹن شروع کرنے کے بارے میں کیسا محسوس کر رہا ہے ... یہ دلچسپ ہونے کے ساتھ ساتھ تھوڑا ڈراونا بھی ہو سکتا ہے۔ اپنے اسکول کی یادیں شیئر کرنے سے آپ کے بچے کو کنڈرگارٹن کے آغاز کے متعلق مزید پراعتماد محسوس کرنے میں مدد ملے گی۔ اگر آپ کے کچھ مشکل تجربات تھے، تو بھی اپنے بچے سے کچھ خوشگوار یادیں شیئر کریں، جیسا کہ نئے دوست بنانا۔

# تیاری

### آپ کے بچے کو کن چیزوں کی ضرورت ہے



**بستہ**



**ٹوپی**



**پانی کی بوتل**



**لنچ باکس**
لنچ اور کچھ اسنیکس کے ساتھ



**بدیلی کی کپڑے**
بشمول موزے اور زیر جامہ

اپنے اسکول یا کمیونٹی کنڈرگارٹن سے پوچھیں کہ آپ کے بچے کو کس اور چیز کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

### استاد سے ملاقات

اپنے بچے کے استاد کو جاننا ضروری ہے۔ استاد اس بارے میں بات کر سکے گا کہ دن بھر میں کیا کچھ ہوتا ہے اور آپ کے بچے کے کنڈرگارٹن کے آغاز کے متعلق آپ کے سوالات کے جوابات دے سکے گا۔ یہ استاد کے لئے بھی آپ کو جاننے اور یہ جاننے کا موقع ہوتا ہے کہ آپ کا بچہ کیا کچھ جانتا ہے اور کس طرح اس کی بہترین معاونت کی جا سکتی ہے۔

کئی اسکولوں میں اسکول کے سال کے آغاز سے پہلے فیملیز کے لئے واقفیت کا سیشن منعقد کیا جاتا ہے۔ یہ آپ کے لئے استاد اور دیگر فیملیز سے ملنے اور پورے سال کا منصوبہ جاننے کا بہترین موقع ہوتا ہے۔

ایبو ریجنل اور ٹارس اسٹریٹ آئلینڈر سے تعلق رکھنے والے بچوں کو سرکاری اسکولوں میں ایبوریجنل اور آئلینڈر تعلیمی افسران کی معاونت حاصل ہوتی ہے؛ غیر سرکاری اسکولوں میں بھی ایسی معاونت فراہم کی جا سکتی ہے۔ فیملیز اسکول کے ساتھ مل کر استاد سے ملاقات کے دوران مترجم کا انتظام بھی کرسکتی ہیں۔

ضرورت ہونے پر اسکول یا کمیونٹی کنڈرگارٹن انگریزی کو بطور دوسری زبان بولنے والی فیملیز کے لئے استاد سے ملاقات کے دوران مترجم کا انتظام کر سکتا ہے۔



CC BY

# روزانہ کے معمولات

## تیار ہونا

آپ کے بچے کے لئے یونیفارم درکار ہو سکتا ہے اور نہیں بھی۔ آسانی اہم ہے، اس لئے اسے عملی لباس اور آرام دہ جوتے پہنائیں۔ کھیل کود میں داغ لگ جانا کنڈرگارٹن کی تعلیم کا حصہ ہے، اس لئے دن کے اختتام پر اپنے بچے پر کچھ مٹی، پینٹ یا گوند لگ جانے کی توقع رکھیں۔

پہلے دن سے پہلے تیار ہونے کی مشق کرنا اچھا آئیڈیا ہے -- اگر آپ کا بچہ خود کپڑے پہن اور اتار سکے گا تو تیاری آسان ہو جائے گی۔

اپنے بچے کو باہر ٹوپی پہننے کی ترغیب دیں، کیوں کہ کنڈرگارٹن کے باہر کھیلتے ہوئے اس کے لئے ٹوپی پہننا لازمی ہو گا۔

اپنے بچے کے لباس، لنچ بکس، ٹوپی، بیگ اور جوتوں پر نام لکھنا یاد رکھیں۔ کنڈرگارٹن میں کھوئی ہوئی اشیاء کا ڈبا ہو گا۔

---

## کنڈرگارٹن جانے کا سفر

کنڈرگارٹن جانے کے کئی طریقے ہیں۔ آپ جیسے بھی وہاں جانے کا فیصلہ کریں، یقینی بنائیں کہ آپ کا بچہ محفوظ ہو۔



**پیدل چلنا**

ںیم ےراب سا ےس ےچب ےنپا●
ںوکڑس ںیہنا ہک ںیرک تاب
ھتاہ بیرق ےک کفیرٹ روا
۔ےہ ںویک ترورض یک ےنڑکپ
ےک کڑس ،ںیناوق ےک کفیرٹ●
ےترک یدنباپ یک ںوراشا
ںولاو ےنلچ لدیپ ےئوہ
ہنومن اک ںویور ظوفحم ےک
ےنرک سارک روا ںیئانب
اک تاماقم ظوفحم ےیل ےک
۔ںیرک باختنا



**گاڑی چلانا**

وک ٹلیب ٹیس یک ےچب ےنپا●
ںیھدناب ےس ےقیرط ظوفحم ہشیمہ
ہشیمہ ہو ہک ںیئانب ینیقی روا
ٹنیرٹسیر راک ڈلئاچ ہدش روظنم
۔۔ںیہ ےئوہ ےنہپ
رہاب روا ردنا ےک یڑاگ وک ےچب ےنپا ●
ےک ےھچیپ ےیل ےک ےناج ےل
ےنرک لامعتسا وک ےزاورد ےک رفاسم
ےک برک وج ،ےہ یتاج یدزیوجت یک
۔۔وہ رود ےس کفیرٹ روا بیرق



**سائیکل، جڑی ہوئی گاڑی اور اسکوٹر چلانا**

رہ ہک ںیئانب ینیقی وک تاب سا ●
ےنہپ ےتوج دنب روا ٹملیہ یئوک
لکیئاس رٹوم ہو ےہاچ ،ےہ ےئوہ
یہ رپ ٹیس یکیئاب ای رلیرٹ ےک
۔ںوہ ہن ںویک
ینپا روا رک ہر فرط ںیئاب ●
ےک رک لامعتسا اک یٹنھگ
ےیل ےک ےناتب ہی وک ںوگول
ظوفحم لڈام لور ںیہ ےہر آ پآ ہک
۔ںیرک رایتخا ہیور اک گنلکیئاس

**اپنے اسکول یا کمیونٹی کنڈرگارٹن استاد سے پوچھیں کہ لانے لے جانے کا طریقہ کار کیا ہے۔**



CC BY

# تعلیم

کنڈرگارٹن میں بچے کھیل کود سے سیکھتے ہیں -- ان کی تعلیم گھر اور دیگر ماحول میں سیکھی گئی باتوں کی بنیاد کو آگے بڑھاتی ہے۔

ابتدائی سالوں کے تعلیمی پروگرامز کو ابتدائی سالوں کے تعلیمی فریم ورک اور مغربی آسٹریلیا کنڈرگارٹن نصاب کی رہنما ہدایات کے پانچ نتائج کی بنیاد پر تیار کیا گیا ہے:

- بچوں میں شناخت کا مضبوط احساس ہو۔
- بچے اپنی دنیا سے منسلک ہوں اور اس میں حصہ لیں
- بچوں میں بہبود کا مضبوط احساس ہو
- بچے پر اعتماد اور مشغول طالب علم بنیں.
- بچے مؤثر رابطہ کار بنیں.

کنڈرگارٹن کے اساتذہ تعلیمی سرگرمیوں کی منصوبہ بندی کرتے ہوئے بچوں کے خیالات اور کھیل کود پر ردعمل دیتے ہیں۔

## آپ کا بچہ کئی مختلف تعلیمی سرگرمیاں انجام دے گا۔



مصوری، ڈرائنگ، کاٹنا اور چپکانا



پزل اور تعمیراتی کھیل



کتابیں دریافت کرنا، کہانیاں سننا اور داستان گوئی



بولنا اور سننا



مخصوص لباس پہننا اور تصوراتی کھیل



گیت گانا، موسیقی سننا اور بجانا



رقص اور ڈرامہ



چڑھنا، توازن قائم رکھنا، دوڑنا اور کودنا



ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز کا استعمال



مٹی، پلے ڈو، ریت اور پانی سے کھیلنا



دوسرے بچوں سے شیئر کرنے اور خودمختاری قائم کرنے کے مواقع

## اپنے بچے کی تعلیم میں مدد

بچے سب سے بہتر تب سیکھتے ہیں جب والدین، فیملیز اور اساتذہ مل کر کام کرتے ہیں۔ آپ اپنے بچے کو باقی سب سے بہتر جانتے ہیں -- بچے کے استاد کو اس کی دلچسپیوں اور صلاحیتوں کے متعلق معلومات دینے سے بچے کو کنڈرگارٹن کا بہترین فائدہ اٹھانے کا موقع ملتا ہے۔

نشونما میں تاخیر یا معذوری کے حامل طلبہ کنڈرگارٹن پروگرامز میں شرکت کرنے والے طلبہ کے متنوع گروپ کا حصہ ہوتے ہیں۔

عملے، فیملیز اور دیگر ایجنسیوں (جیسا کہ تھیراپی کرنے والوں)کے درمیان تعاون مفید ہو سکتا ہے کیوں کہ نشونما میں تاخیر یا معذوری کے حامل طلبہ کو اضافی منصوبہ بندی اور معاونت کی ضرورت ہو سکتی ہے۔


کئی کنڈرگارٹن والدین اور نگہداشت کنندگان کو بطور مددگار رضاکارانہ خدمات انجام دینے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ رضاکارانہ خدمات انجام دینے سے آپ کو کنڈرگارٹن میں اپنے بچے کے تجربے کی گہری سمجھ حاصل ہوتی ہے اور دیگر والدین سے ملاقات کا موقع ملتا ہے۔ کچھ کنڈرگارٹن والدین کو ایک دوسرے سے آن لائن رابطہ کرنے کی بھی ترغیب دیتے ہیں، مثال کے طور پر سوشل میڈیا یا کسی ایپ کے ذریعے۔

---

### کنڈرگارٹن میں اپنے بچے کی مدد کرنے کے کئی طریقے ہیں۔



**اپنے بچے سے روزانہ پوچھیں** کہ آج اس نے کیا کچھ کیا -- اس سے گھر اور اسکول کے درمیان روابط قائم کرنے میں مدد ملتی ہے اور ظاہر ہوتا ہے کہ آپ اس میں اور اس کے کاموں میں دلچسپی رکھتے ہیں۔



**باہر کھیلنا مثال کے طور** پر کھیل کے میدانوں میں، آپ کے بچے کو مضبوط اور پراعتماد بننے میں مدد دیتا ہے اور دماغ کا وہ حصہ استعمال کرتا ہے جو انہیں توجہ مرکوز کرنے اور مسئلہ حل کرنے میں مدد دیتا ہے۔



**کتابیں ایک ساتھ پڑھنے** سے آپ کے بچے کو یہ سیکھنے میں مدد ملتی ہے کہ لکھے ہوئے الفاظ کے معنی ہوتے ہیں اور ان سے بہت لطف آتا ہے۔ اس سے انہیں پڑھنے لکھنے کے بارے میں سیکھنے میں مدد ملتی ہے۔



**گیت گانا، موسیقی بنانا اور رقص کرنا** آپ کے بچے کو یادداشت بڑھانے اور اپنے احساسات کا اظہار کرنے میں مدد دیتا ہے۔



**بورڈ، قدرتی مواد سے** -- آپ کے بچے کو باریک حرکی مہارتیں پیدا کرنے، تخلیقی صلاحیت استعمال کرنے اور مسائل کرنے میں مدد دیتا ہے۔



**تصوراتی کھیل**، جیسا کہ کھیل کی دکان، آپ کے بچے کو دوسروں سے گھلنا ملنا، شیئر کرنا اور باری لینا سیکھنے میں مدد دیتی ہے۔ وہ بولنے اور سادہ ریاضی، جیسا کہ گنتی اور ترتیب کی بھی مشق کرتے ہیں۔

...یں بنانا -- کھلونوں، ریت، کارڈ

# صحت مند رہنا

صحت مند جسم آپ کے بچے کو ہر روز بہترین انسان بننے میں مدد دیتا ہے۔

| نیند | ناشتہ | لنچ بکس |
|---|---|---|
| یقینی بنائیں کہ آپ کا بچہ نیند پوری کرے۔ دن کے اختتام پر پرسکون ہونے کا باقاعدہ معمول رکھیں اور سونے کا وقت طے کریں۔ | غذائیت سے بھرپور ناشتہ آپ کے بچے کو دن کے لئے تیار کرتا ہے -- بچوں کے لئے خالی پیٹ علم حاصل کرنا مشکل ہوتا ہے۔ | ایسی صحت بخش غذا پر مشتمل لنچ بکس پیک کریں جو آپ کو معلوم ہو کہ آپ کا بچہ پسند کرے گا اور کھائے گا۔ اپنے بچے کو لنچ کھولنا اور خود کھانا سکھائیں۔ |

| حفاظتی ٹیکے | ٹوائلٹ کی تربیت | طبی |
|---|---|---|
| کنڈرگارٹن جانے کے لئے آپ کے بچے کو تمام حفاظتی ٹیکے وقت پر لگنا ضروری ہے (اس کی عمر اور متعلقہ طبی کیفیات کے مطابق)۔ اگر آپ کے پاس یہ ریکارڈ نہیں تو اسکول یا کمیونٹی کنڈرگارٹن استاد سے بات کریں اور وہ آپ کی مدد کر سکیں گے۔ | اپنے بچے کو خود ٹوائلٹ جانا سکھانے کے لئے اسے خود پاجامہ اتارنے اور پہننے، ٹوائلٹ استعمال کرنے اور دھونے، ٹوائلٹ فلش کرنے اور ہاتھ دھونے کی خوب مشق کروائیں۔ | اگر آپ کے بچے کو کوئی الرجی/ طبی تقاضے ہیں تو آپ کو استاد کو بتانا ہو گا تاکہ ان کا انتظام کرنے کا منصوبہ بنایا جا سکے۔ |

بچے مختلف درجات کی ذاتی نگہداشت کی مہارتوں کے ساتھ اسکول شروع کرتے ہیں۔ بچے کی موجودہ مہارتوں میں اضافہ کرتے ہوئے خود مختاری اور شرکت کو فروغ دیں۔

## اگر بچہ بیمار ہو تو کیا کرنا چاہیے

ہم سب اپنے بچوں کو صحت مند رکھنا چاہتے ہیں تاکہ وہ اپنی بہترین صلاحیت کے مطابق علم حاصل کر سکیں۔

اگر آپ کا بچہ بیمار ہو تو سب کے تحفظ کے لئے اسے گھر پر رکھنا یا اس کی متبادل نگہداشت کا انتظام کرنا اہم ہے۔

اگر آپ بیماری کی وجہ سے اپنے بچے کو گھر پر رکھیں تو آپ کو فون، ٹیکسٹ میسج یا ای میل کے ذریعے کنڈرگارٹن کو بتانا ہو گا۔

اگر دن کے دوران آپ کا بچہ بیمار ہو جائے تو کنڈرگارٹن آپ سے رابطہ کرکے آپ سے اپنے بچے کو گھر لے جانے کا کہے گا۔ اس وجہ سے
یہ اہم ہے کہ آپ اپنے بچے کے کنڈرگارٹن میں اس کے ہنگامی رابطے کی تفصیلات
اپ ٹو ڈیٹ رکھیں۔

اپنے بچے کی صحت کے متعلق مزید معلومات کے لئے
ہیلتھ ملاحظہ کریں یا اپنے بچے کے ڈاکٹر سے ملاقات کریں
. WA
HealthyWA.wa.gov.au



CC BY

# آپ کے بچے کی جماعت

## ہر روز جانا اہم ہے

باقاعدگی سے کنڈرگارٹن جانے سے آپ کے بچے کو ہر روز تعلیم میں اضافہ کرنے میں مدد ملتی ہے۔ باقاعدگی سے اسکول جانے کی عادت پیدا کرنا لازمی ہے تاکہ آپ کا بچہ مستقبل کی تعلیم کے لئے ضروری تصورات اور مہارتوں سے محروم نہ رہ جائے۔ کنڈرگارٹن کے دن چھوٹنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ کا بچہ اپنے دوستوں کے ساتھ علم حاصل کرنے اور سرگرمیاں انجام دینے سے محروم رہے گا۔

**آپ درج ذیل طریقوں سے مدد کر سکتے ہیں:**

- ہکات ںیرک تاب تبثم ںیم ےراب ےک نٹراگرڈنک .وہ شوخ ںیم ےناج زور رہ ہچب اک پآ
- ےنید ددم ںیم ےنانب تسود وک ےچب ےنپا لم ھتاس ےک ںوچب ےرسود ےسا ےیل ےک انید تقو اک ےنلیھکرک
- انیل روا اناچنہپ لوکسا وک ںوچب رپ تقو
- ےک لوکسا ای دعب ےک لوکسا ،وہ نکمم رہاج ںورٹکاڈ ےک ںوتناد ،ںورٹکاڈ نارود ےک ںویٹھچ .ںیرک ںیتاقالم ھتاس ےک نیرہام روا
- ھتاس ےک یلمیف نارود ےک ںویٹھچ یک لوکس ںیم تدم یک لوکسا ہک ہن ،اناج ےنموھگ

اگر آپ کا بچہ کنڈرگارٹن جانے سے ہچکچا رہا ہے تو اس کے استاد یا اسکول پرنسپل سے بات کریں۔

## کنڈرگارٹن کے اوقات کے علاوہ آپ کے بچے کی نگہداشت

عام طور پر بچے دن 3 بجے کنڈرگارٹن ختم کر لیتے ہیں، تاہم اوقات تبدیل ہوتے رہیں گے۔

اگر آپ کو کنڈرگارٹن سے پہلے یا بعد میں اپنے بچے کے لئے نگہداشت کی ضرورت ہو تو آپ اسکول کے علاوہ کے اوقات کی نگہداشت (OSHC) تک رسائی لے سکتے ہیں۔ آپ کے اسکول/کمیونٹی کنڈرگارٹن کے پاس اس علاقے کے OSHC کی تفصیلات ہوں گی۔

## پرورش میں معاونت

جب بچوں کو شفقت بھرے ماحول میں پروان چڑھایا جائے تو وہ تیزی سے آگے بڑھتے ہیں۔ ٹرپل پی -- مثبت پرورش کا پروگرام تمام والدین کو ایک خوش مزاج اور پراعتماد بچہ پروان چڑھانے کی سادہ و عملی حکمت عملیاں فراہم کرتا ہے۔

**مثبت پرورش کے 5 مراحل**

1. محفوظ و دلچسپ ماحول تخلیق کریں
2. مثبت تعلیمی ماحول قائم کریں
3. مثبت نظم و ضبط استعمال کریں
4. حقیقی توقعات رکھیں
5. بطور والدین اپنا خیال رکھیں

اپنے اسکول سے مفت ٹرپل پی سیمینار میں رجسٹریشن کے بارے میں پوچھیں
یا ذیل پر مزید معلومات حاصل کریں: triplep-parenting.net.au/wa.



CC BY

## اپنے سوالات کے جوابات کے لئے درست شخص تلاش کریں

اگر آپ اپنے بچے کے کنڈرگارٹن کے تجربے کے متعلق کوئی سوال کرنا چاہتے ہیں تو سب سے پہلے اپنے بچے کے استاد سے پوچھیں۔ اسکول کے پرنسپل بھی کنڈرگارٹن پروگرام، آپ کے بچے یا عملے کے متعلق آپ کے سوالات یا تحفظات کے جوابات دے سکتے ہیں۔

اہلیت اور نشونما کے مرحلے سے بالاتر ہو کر تمام بچے منفرد خوبیوں، دلچسپیوں اور تعلیم حاصل کرنے کی صلاحیت کے حامل ہوتے ہیں۔ بطور والدین اور نگہداشت کنندگان، آپ اپنے بچے کو سب سے بہتر جانتے ہیں، اور بچے کی خوبیوں اور ضروریات کی معلومات کا اشتراک کرنے سے ایسا ماحول تخلیق کرنے میں مدد ملے گی جس میں آپ کا بچہ کامیابی سے کنڈرگارٹن میں شرکت کر سکے۔

بچوں اور ان کے خاندانوں کے ثقافتی اور زبانی پس منظر کی قدر اور احترام کیا جاتا ہے۔ مادری زبان میں مہارت سے عمومی تعلیم اور دوسری زبان یا لہجہ سیکھنے میں مدد ملتی ہے، اس لئے مادری زبان برقرار رکھنا اہم ہے۔ اگر آپ کا بچہ گھر پر انگریزی کے علاوہ کوئی اور زبان بولتا ہے تو استاد کو یہ بتانا ضروری ہے تاکہ اس کی تعلیمی ضروریات پوری ہو سکیں۔

اگر آپ کوئی اور زبان بولتے ہیں اور انگریزی میں مہارت نہیں رکھتے تو اپنے بچے کے استاد سے اس کی پیشرفت کے بارے میں بات کرنے، سوالات پوچھنے یا کسی خدشات کا اظہار کرنے کے لئے ملاقات کرتے ہوئے مترجم کی خدمات کے متعلق پوچھیں۔ اکثر اسکول مختلف زبانوں میں ترجمہ کی گئی کئی دستاویزات فراہم کرتے ہیں -- اسکول کی ویب سائٹ دیکھیں یا اپنے اسکول/کمیونٹی کنڈرگارٹن سے پوچھیں۔

## کارآمد ویب سائٹس

**محکمۂ صحت WA**

education.wa.edu.au

**AISWA - مغربی آسٹریلیا اسوسی ایشن برائے کے خودمختار اسکولز**

ais.wa.edu.au

**CEWA - کیتھولک ایجوکیشن WA**

cewa.edu.au

**کمیونٹی کنڈرگارٹنز**

communitykindys.org.au

**HealthyWA –**
**بچوں کی حفاظتی ٹیکوں کا شیڈول**

healthywa.wa.gov.au/Articles/A_E/Childhood-immunisation-schedule

**ٹرپل پی – مثبت پرورش پروگرام**

triplep-parenting.net.au/au-uken/find-help/triple-p-parenting-in-western-australia

**بچوں اور نوعمروں کی صحت کی سروس**

cahs.health.wa.gov.au

**ریزنگ چلڈرن نیٹ ورک**

raisingchildren.net.au

**ری امیجن آسٹریلیا (نشونما میں تاخیر یا معذوری کے حامل طلبہ کی معاونت)**

reimagine.org.au

**ابتدائی سالوں کی تعلیم کا فریم ورک**

acecqa.gov.au/sites/default/files/2020-05/belonging_being_and_becoming_the_early_years_learning_framework_for_australia.pdf

**کنڈرگارٹن کے نصاب کی رہنما ہدایات**

k10outline.scsa.wa.edu.au/media/documents/outline_downloads/Western-Australian-Kindergarten-Curriculum-Guidelines-pdf.pdf


CC BY